لہٰذا مذکورہ بالا آیت سے معلوم ہوا کہ زکریا اور اس کی بیوی الیشبع کا تعلق ابیاہ کے قبیلے سے تھا جو کہ ہارون کاہن کی نسل میں سے تھا۔ تواریخ ایک باب نمبر 24 آیت نمبر 1 تا 11 کا مطالعہ کرنے سے پتہ چلتا ہے کہ خاندان ابیاہ کو خداوند کے گھر میں جس مہینے خدمت کا موقع ملتا تھا وہ یہودی کیلنڈر کے مطابق چوتھا مہینہ تھا یعنی جب زکریا علیہ السلام کو یوحنا کی بشارت ملی تو وہ سال کا چوتھا مہینہ تھا ''تموز'' جو کہ Gregorian Calenda کے مطابق جون میں آتا ہے یعنی الیشبع کو جون میں حمل ٹھہرتا ہے' جون سے جولائی ایک اگست دو ستمبر تین اکتوبر چار نومبر پانچ اور دسمبر چھ، پیچھے ہم پڑھ چکے ہیں کہ جب مریم علیہا السلام کو بشارت مسیح علیہ السلام ہوئی ساتھ فرشتہ نے یہ بھی بتایا کہ دیکھ تیری رشتہ دار الیشبع کے بیٹا ہونے والا ہے اور اب اسکو چھٹا مہینہ ہے لہٰذا معلوم ہوا کہ مسیح علیہ السلام کی پیدائش دسمبر میں نہیں بلکہ قدرت خداوندی سے مریم علیہا السلام کے پردہ رحم میں حمل دسمبر میں ٹھہرتا ہے' اب اگر دسمبر سے بھی نو ماہ کی گنتی پوری کریں تو مسیح علیہ السلام کی پیدائش اگست یا ستمبر میں بنتی ہے نا کہ دسمبر میں۔

4 صدیوں تک 25 دسمبر تاریخ ولادت مسیح علیہ السلام نہیں سمجھی جاتی تھی۔ 530ء میں سیتھیا کا ڈایونیس اکسیگز نامی ایک راہب جو ایک منجم (Astrologer) بھی تھا، تاریخ ولادت مسیح علیہ السلام کی تحقیق اور تعین کے لیے مقرر ہوا۔ سو اُس نے حضرت مسیح علیہ السلام کی ولادت 25 دسمبر مقرر کی کیونکہ مسیح علیہ السلام سے پانچ صدیاں قبل 25 دسمبر مقدس تاریخ سمجھی جاتی تھی۔ بہت سے دیوتاؤں کا اس تاریخ پر یا اس سے ایک دو دن بعد پیدا ہونا تسلیم کیا جا چکا تھا، چنانچہ راہب نے آفتاب پرست اقوام میں عیسائیت کو مقبول بنانے کے لیے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تاریخ ولادت 25 دسمبر مقرر کر دی۔ میرا ذاتی خیال ہے کہ اس قوم نے ہفتے میں سورج کی عبادت کے لیے ایک دن مختص کیا ہوا تھا اور اس دن کو وہ مقدس سمجھتے تھے یہی وجہ ہے کہ اس کو Sunday holiday کہا جاتا ہوگا جو کہ آج عیسائیوں کے یہاں بھی مقدس اور عبادت کا دن ہے جبکہ بائبل کی تعلیمات کے مطابق پورے سات دنوں میں جو مقام ومرتبہ ہفتہ یعنی سبت کے دن کو حاصل ہے وہ کسی اور دن کو نہیں۔ (واللہ اعلم)۔

قرآن مجید کی سورت مریم پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے:

﴿فَاَجَآءَهَا الْمَخَاضُ اِلٰى جِذْعِ النَّخْلَةِ قَالَتْ يٰلَيْتَنِىْ مِتُّ قَبْلَ هٰذَا وَكُنْتُ نَسْيًا مَّنْسِيًّا فَنَادٰىهَا مِنْ تَحْتِهَآ اَلَّا تَحْزَنِىْ قَدْ جَعَلَ رَبُّكِ تَحْتَكِ سَرِيًّا وَهُزِّىْٓ اِلَيْكِ بِجِذْعِ النَّخْلَةِ تُسٰقِطْ عَلَيْكِ رُطَبًا جَنِيًّا﴾ (سورہ مریم 22 تا 25)

''پھر دردِ زہ اسے (مریم علیہا السلام کو) کھجور کے تنے

کی طرف لے آیا۔ وہ کہنے لگی: اے کاش! میں اس سے پہلے مر جاتی اور بھولی بسری ہوتی۔ پھر اس (فرشتے) نے اس کے نیچے سے آواز دی کہ غم نہ کر، یقیناً تیرے رب نے تیرے نیچے ایک چشمہ جاری کر دیا ہے اور کھجور کے تنے کو اپنی طرف ہلا، وہ تجھ پر تازہ پکی ہوئی کھجوریں گرائے گا تو کھاؤ اور پیو اور آنکھیں ٹھنڈی کرو۔"

اس بات پر تو سب کا اتفاق ہے کہ مسیح علیہ السلام کی جائے پیدائش ریاست یہودیہ کے شہر بیت اللحم میں ہوئی جیسا کہ حدیث میں آتا ہے بَیتُ اللَّحم حَیثُ وُلِدَ عِیسٰی۔ اور اس علاقے میں موسم گرما کے وسط یعنی جولائی، اگست میں ہی کھجوریں ہوتی ہیں۔ قرآن مجید کے ذریعے اللہ نے یہ امر واضح کیا کہ حضرت مسیح علیہ السلام کی ولادت کھجوریں پکنے کے مہینے' جولائی یا اگست کے کسی دن میں ہوئی تھی نہ کہ 25 دسمبر کو، جو کہ یہودیہ (موجودہ فلسطین) میں سخت سردی اور بارشوں کا مہینہ ہوتا تھا۔

جہاں تک یہ خیال کیا جاتا ہے کہ سرد موسم میں کھجوروں کا پکنا ایک معجزہ یا کوئی کرامت بھی ہوسکتا ہے تو اس پر بعض مفسرین کی رائے یہ ہے کہ آیت کے ظاہری سیاق وسباق سے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ جیسے اس درخت پر پہلے ہی سے پھل موجود تھا اسی لئے اللہ تعالیٰ نے صرف تنے کو ہلانے کا حکم دیا ورنہ جو اللہ مریم کے حجرہ میں بے موسم کے پھل مہیا کرسکتا ہے وہ درخت کے نیچے کھجوریں کیوں نہیں گرا سکتا۔

کرسمس ٹری:

''کرسمس ٹری'' کا تصور بھی جرمنوں ہی کا پیدا کردہ ہے۔ کرسمس ٹری کی بدعت ایک عرصہ تک جرمنی تک محدود تھی۔ 1847ء میں برطانوی ملکہ وکٹوریہ کا خاوند جرمنی گیا اور اسے کرسمس کا تہوار جرمنی میں منانا پڑا تو اس نے پہلی مرتبہ لوگوں کو کرسمس ٹری بناتے اور سجاتے دیکھا۔ اسے یہ حرکت بہت بھلی لگی، لہٰذا وہ واپسی پر ایک ٹری ساتھ لے آئے۔ 1848ء میں پہلی مرتبہ لندن میں کرسمس ٹری بنوایا گیا۔ اسے یہ ایک دیوہیکل کرسمس ٹری تھا جو شاہی محل کے باہر آویزاں کیا گیا۔ 25 دسمبر 1848ء کو لاکھوں لوگ یہ درخت دیکھنے لندن آئے اور اُسے دیکھ کر گھنٹوں تالیاں بجاتے رہے۔

(ایوری مینز انسائیکلو پیڈیا، نیو ایڈیشن 1958ء)

ایک رپورٹ کے مطابق آج کل صرف برطانیہ میں 7 0 لاکھ کرسمس ٹری بنائے جاتے ہیں جن پر 150 بلین پاؤنڈ خرچ آتے ہیں۔ اس پر ستم ظریفی یہ کہ 200 بلین پاؤنڈ کے بلب اور چھوٹی ٹیوب لائٹس بھی نصب کی جاتی ہیں۔ کرسمس ٹری پر جلائی جانے والی لائٹس تقریباً پورا مہینہ جلائی جاتی ہیں۔ یوں صرف ایک ٹری پر ہزار پاؤنڈ یعنی ایک لاکھ ستر ہزار روپے تک کی بجلی جلتی ہے۔ کرسمس کا آغاز ہوا تو اس کا مقصد یہ تھا کہ لوگوں میں مذہبی رجحان پیدا کیا جائے یا یہ کہہ سکتے ہیں کہ ابتدا میں یہ ایک ایسی بدعت تھی جس کی واحد فضول خرچی موم بتیاں تھیں لیکن پھر کرسمس ٹری آیا، پھر موسیقی، پھر ڈانس اور آخر میں شراب بھی اس میں شامل ہوگئی۔ شراب کے داخل ہونے کی دیر تھی کہ یہ تہوار عیاشی کی شکل اختیار کر گیا۔ صرف برطانیہ کا یہ حال ہے کہ ہر سال کرسمس پر 7 ارب 30 کروڑ پاؤنڈ کی شراب پی جاتی ہے۔ 25 دسمبر 2005ء کو برطانیہ میں جھگڑوں، لڑائی، مار کٹائی کے دس لاکھ واقعات سامنے آئے۔ شراب نوشی کی بنا پر 25 دسمبر 2002ء کو آبرو ریزی اور زیادتی کے 19 ہزار کیس درج ہوئے۔ ایک سروے کے مطابق برطانیہ کے ہر 7 میں سے ایک نوجوان نے کرسمس پر شراب نوشی کے بعد بدکاری کا ارتکاب کیا۔ امریکہ کی حالت اس سے بھی گئی گزری ہے۔ امریکہ میں ٹریفک کے قوانین کی اتنی خلاف ورزیاں ہوتی ہیں کہ پورا سال نہیں ہوتیں۔ 25 دسمبر کو ہر شہری کے منہ سے شراب کی بُو آتی ہے۔ شراب کے اخراجات چودہ ارب ڈالر تک پہنچ جاتے ہیں۔ صرف اٹلانٹک سٹی کے جوا خانوں میں اس روز 10 ارب روپے کا جوا ہوتا ہے۔ لڑائی مار کٹائی کے واقعات کی چھ لاکھ رپورٹس درج ہوتی ہیں۔ 25 دسمبر 2005ء کو کرسمس کے روز کثرت شراب نوشی کی وجہ سے حادثوں کے دوران میں اڑھائی ہزار امریکی اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھے تھے۔ پانچ لاکھ خواتین اپنے بوائے فرینڈز اور خاوندوں سے پٹیں۔ اب تو یورپ میں بھی ایسے قوانین بن رہے ہیں جن کے ذریعے شہریوں کو یہ تلقین کی جاتی ہے کہ وہ کرسمس کی عبادت کے لیے اپنے قریب ترین چرچ میں جائیں، شراب نوشی کے بعد اپنی گلی سے باہر نہ نکلیں۔ خواتین بھی اس خراب حالت میں اپنے بوائے فرینڈز اور خاوندوں سے دور رہیں۔ (مذکورہ بالا اعداد وشمار 2004ء اور 2005ء کے ہیں۔)

ہم مسلمان بھی اپنی عیدوں پر قانون قدرت کی خلاف ورزیاں کرتے ہیں اور طرح طرح کی بدعتوں کے شکار ہو چکے ہیں لیکن عیسائی دنیا اس معاملے میں مسلمانوں کے مقابلے میں بہت آگے ہے۔

بائبل میں تقریباً 38 مقامات سے یہ دلیل دی جاتی ہے کہ عیسائیت میں شراب نوشی حرام ہے جبکہ اس روز شراب نوشی اہتمام کے ساتھ کی جاتی ہے۔

مسلمان اور کرسمس

اسلام کی روشنی میں ایسے موقع پر ایک مسلمان کو مسیحیوں کے ساتھ کیا رویہ اختیار کرنا چاہیے؟

دنیا میں بے شمار لوگ ایسے پائے جاتے ہیں جو محض نمود ونمائش کے لیے اپنی تاریخ پیدائش کچھ ایسے دنوں سے منسوب کر لیتے ہیں جو قومی یا عالمی سطح پر معروف ہوتے ہیں۔ ایسے لوگوں کے یوم ولادت پر مبارک باد دینا بھی خلاف واقعہ ہے جبکہ کسی ایسی شخصیت اور دن کو ماننا اور اس کے بارے میں مبارک باد پیش کرنا کہ جن کے متعلق اول تو یہ بات واضح ہے کہ ماضی میں ان تاریخوں میں سورج دیوتا، سیارے (Jupiter, Satum) یا دیگر بتوں کی پیدائش کا جشن منایا جاتا تھا۔ دوم مسیح علیہ السلام کی پیدائش کا دن تو درکنار سن پیدائش بھی معلوم نہیں۔ سوم یہ کہ عیسائیوں کا جس دن کے بارے میں عقیدہ یہ ہو کہ آج کے دن یعنی 25 دسمبر کو اللہ کا بیٹا پیدا ہوا تھا (معاذ اللہ) ایک مسلمان کسی کو اس پر کیسے مبارک دے سکتا ہے؟ یاد رکھیں یہ وہ بات ہے جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں:

﴿وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا لَقَدْ جِئْتُمْ شَيْئًا إِدًّا تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنْشَقُّ الْأَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ هَدًّا ○ أَنْ دَعَوْا لِلرَّحْمٰنِ وَلَدًا﴾ (سورہ مریم 19 :88 تا 91)

''اور انہوں نے کہا رحمان نے کوئی اولاد بنالی ہے، بلاشبہ تم ایک بہت بھاری بات (گناہ) تک آپہنچے ہو۔ قریب ہے کہ اس بات سے آسمان پھٹ پڑیں اور زمین شق ہو جائے اور پہاڑ گر پڑیں کہ انہوں

نے رحمان کے لیے کسی بیٹے کا دعویٰ کیا۔''

لہٰذا مسیحی حضرات کو مبارک باد دینا یا اس ضمن میں کسی بھی تقریب میں شرکت کرنا اسلامی نظریے کے مطابق درست نہیں۔

مگر افسوس کہ ہمارے کچھ نام نہاد علمائے کرام اور آج کا ماڈریٹ مسلمان خواہ مخواہ غیروں کی تہذیب وتمدن سے مرعوب نظر آتا ہے اور بے علمی و جہالت اور نام نہاد روشن خیالی کے سبب نہ صرف مبارک باد اور خوشی کا اظہار کرتا ہے بلکہ مسلمان بھی اس موقع پر برپا کی جانے والی شراب وشباب کی محافل میں شریک ہوکر اظہار یکجہتی کا عملی نمونہ بھی پیش کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

اسلام قبول کرنے سے قبل میری زندگی میں ایک کرسمس ایسا بھی آیا جس کو میں نے نیکی کا کام سمجھ کے خوب دھوم دھام سے منایا جس میں 80 فیصد میرے ایسے دوستوں نے شرکت کی جو مسلمان تھے اور صرف شرکت ہی نہیں کی بلکہ ثواب سمجھ کر کرسمس پارٹی کے اخراجات میں میری معاونت بھی کی۔ مگر حیرت کی بات یہ ہے کہ اب جبکہ میں مسلمان ہو چکا ہوں اور گھر میں یا دیگر مقامات پر درس قرآن کی مجالس میں شرکت کی دعوت دیتا ہوں تو وہی لوگ جو رات 3 بجے تک میرے ساتھ کرسمس مناتے تھے، عذر تراشتے ہیں۔

ابھی کل ہی کی بات ہے کہ میں جس مادر پدر آزاد تہذیب کو ٹھوکر مار کر آیا تھا، آج کے کچھ مادہ پرست، حواس باختہ سیکولر قسم کے مسلمان اُسی تہذیب پر رال ٹپکا رہے ہیں۔ جس بے مثال فلسفۂ توحید، لاجواب نظریۂ حیات اور آخرت کی لازوال کامیابی مجھے اور میرے جیسے کروڑوں لوگوں کو اپنی طرف کھینچ لائی، وہیں اس دین کی تعلیمات سے بے بہرہ، اپنے اسلاف سے کٹے ہوئے، بے یقینی اور نا اُمیدی کا طوق اپنے گلے میں ڈالے ہوئے کچھ مسلمان اُن تعلیماتِ الٰہی سے نظریں چرا رہے ہیں جس کا بدل پوری کائنات میں نہیں۔

اسی سلسلے میں چند فتاویٰ جو ذیل میں پیش کیے جا رہے ہیں:

فقہاء نے اس مسئلہ (غیر مسلموں کے تہواروں میں شرکت نہ کرنے اور مبارک باد نہ دینے) پر اجماع نقل کیا ہے۔ امیر المومنین عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے شام کے عیسائیوں کو باقاعدہ پابند فرمایا تھا کہ دارالاسلام میں وہ اپنے تہواروں کو کھلے عام نہیں منائیں گے؛ اور اسی پر سب صحابہؓ اور فقہا کا عمل رہا ہے، چنانچہ جس ناگوار چیز کو مسلمانوں کے سامنے آنے سے ہی روکا گیا ہو، مسلمان کا وہیں پہنچ جانا اور شریک ہونا کیونکر روا ہونے لگا؟ اس کے علاوہ کئی روایات سے سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کا یہ حکم نامہ بھی منقول ہے: ''عجمیوں کے اسلوب اور لہجے مت سیکھو۔ مشرکین کے ہاں اُن کے گرجوں میں ان کی عید کے روز مت جاؤ، کیونکہ ان پر اللہ کا غضب نازل ہوتا ہے۔'' (اقتضاء الصراط المستقیم از شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ)

علاوہ ازیں کافروں کے تہوار میں شرکت اور مبارکباد کی ممانعت پر حنفیہ، مالکیہ، شافعیہ اور حنابلہ سب متفق ہیں۔

فقہائے مالکیہ تو اس حد تک گئے ہیں کہ جو آدمی کفر کے تہوار پر ایک تربوز کاٹ دے وہ ایسا ہی ہے گویا اُس نے خنزیر ذبح کر دیا۔ (اقتضاء الصراط المستقیم ص ۳۵۴)

تعلیماتِ اسلام سے پتہ چلتا ہے کہ انبیاء و رُسل اس کائنات میں سب سے برگزیدہ تھے، لہٰذا وہ لوگ ہمیں ان انبیاء و رسل علیہم السلام سے محبت وعقیدت کی کیا تعلیم دیں گے جن کی اپنی کتابیں ان پر ایسے گندے اور گھناؤنے الزام لگاتی ہیں کہ پڑھنے والے کی آنکھیں شرم سے جھک جاتی ہیں۔ یہ مقدس معصوم عن الخطا لوگ تو قیامت تک پوری انسانیت اور زندگی کے لیے رول ماڈل ہیں۔ ایک شام مسیح علیہ السلام کے نام والا فلسفہ غلط اور ناقص ہے۔ ہر صبح و شام اللہ اور اس کے دین کے نام ہونی چاہیے۔ یہ لوگ محسنوں کی قدر اور رشتوں کا مقام ہمیں کیا بتائیں گے جو اپنے کتوں کو تو اپنے ساتھ سلاتے ہیں مگر اپنے بوڑھے والدین کو Old Home چھوڑ آتے ہیں۔ ان کے نزدیک تو تہذیب وتمدن کا مطلب ہی مذہب سے آزادی، ناچ گانا، مصوری، فحاشی و بت پرستی، مرد وزن کا اختلاط، کثرت شراب نوشی، جنسی آوارگی، بے راہ روی، ہم جنس پرستی، سود اور لوٹ کھسوٹ ہے یعنی ہر طرح کی ماورپدر آزادی جس کے بارے میں اقبال نے کہا تھا:

اُٹھا کر پھینک دو باہر گلی میں
نئی تہذیب کے انڈے ہیں گندے

جبکہ اسلام کے نزدیک لفظ تہذیب کا معنی ہی سجانا، آراستہ کرنا، حسین بنانا ہے۔ ہمارے یہاں ہر وہ عمل جزوِ تہذیب ہے جو ہماری شخصیت کو حسین بنائے اور ہمارے کردار کو عظیم بنائے، نیز ہماری دنیا و آخرت کو سنوارے۔ یہ ہماری تہذیب ہے۔ علم، اخلاص، خدمت اور محبت ہماری تہذیب کے بنیادی اجزا ہیں۔ یہ ہے وہ تہذیب اور اسلام کی بے مثال تعلیم جو نہ صرف انبیاء علیہم السلام کی عصمت، عزت اور مقام ومرتبہ کی حفاظت کا حکم دیتی ہے بلکہ ان کی اطاعت واتباع اور ان سے ہر وقت محبت اور ہر لمحہ ان کی اطاعت کرنے کا درس دیتی ہے۔

اسلامی تہذیب وقتی طور پر جمود کا شکار ضرور ہے مگر یہ جمود اسلام کا مستقل مقدر نہیں۔ اسلامی تہذیب کا مستقبل بھی اپنے ماضی کی طرح روشن ہے۔

❀❀❀❀❀

تزکیہ کے لیے درخواست ضروری اعلان

⊙ ضلعی اور شہری امراء اور ناظمین سے گذارش ہے کہ وہ امیر محترم سینیٹر پروفیسر ساجد میر حفظہ اللہ کی خدمت میں تزکیہ لینے والوں کے لیے تعارفی سفارشی درخواست لکھنے کے لیے کوئی فیس بالکل وصول نہ کریں۔ شکریہ!

منجانب: حافظ بابر فاروق رحیمی
ناظم مرکزی سیکرٹری 106 راوی روڈ لاہور

جمعیت اساتذہ کا اہم اجلاس اور حلف برداری

⊙ جمعیت اساتذہ پاکستان کا اہم اجلاس اور تقریب حلف برداری بتاریخ ۱۸ دسمبر بروز اتوار مرکزی دفتر ۱۰۶ راوی روڈ لاہور میں منعقد ہوئی۔ اہم فیصلے درج ذیل ہیں: (۱) تمام اضلاع اپنی اور تحصیلوں کی کم از کم دس دس رکنی کابینہ کی لسٹ فی الفور بمع فون نمبرز اور ایڈریس بنام محمد طارق جاوید ناظم دفتر جمعیۃ اساتذہ پاکستان ارسال فرمائیں۔ (۲) سالانہ فنڈ مرکزی عہدیداران -/2500 اور صوبائی -/2000 ڈویژنل -/1500 ضلعی -/1000 اور تحصیل -/500 فی کس کے اعتبار سے ماہ دسمبر کے اندر فی الفور ارسال فرمائیں۔ (۳) تمام ذمہ داران فوری طور پر رسالہ اہل حدیث اپنے نام جاری کروائیں۔ (۴) ضلعی ڈویژنل اور صوبائی کنونشنز کے لیے تیاریاں فی الفور شروع کر دی جائیں جو کہ مارچ ۲۰۱۷ء میں منعقد کیے جائیں گے۔ (۵) رکنیت سازی ۱۵ فروری ۲۰۱۷ء تک مکمل کی جائے۔ رکنیت فارم کی فیس -/100 روپے ہے۔ (تفصیل آئندہ)

منجانب: محمد طارق جاوید ناظم دفتر جمعیۃ اساتذہ پاکستان

قسط نمبر ۲

ایمان نہیں تو کچھ بھی نہیں

جناب مولانا عبدالمالک مجاہد

کیا آپ نے کبھی سوچا کہ یہ ایمانی قوت نہ تھی تو اور کیا تھا کہ سیدنا بلال بن رباح رضی اللہ عنہ کے سینے پر گرم پتھر ہے نیچے گرم ریت ہے۔ ان کو پتھریلی زمین پر گھسیٹا جا رہا ہے' مگر اس کے باوجود وہ احد احد پکار رہے ہیں۔ ایمان کی بات آئی ہے تو چلیے میرے ساتھ ایک بڑے اجتماع کو دیکھتے ہیں۔ ایسا اجتماع انسانی آنکھ نے کم ہی دیکھا ہوگا۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ انسانی آنکھ نے بہت سارے ایسے مناظر دیکھے ہیں جنہیں تاریخ کبھی بھلا نہیں سکی۔

سعودی عرب کا مشہور شہر نجران مملکت کے جنوب میں واقع ہے۔ صدیوں پرانے اس شہر میں ہزاروں لوگ جمع ہیں اور وہ اونچی آواز سے کہہ رہے ہیں: [آمَنَّا بِرَبِّ الْغُلَامِ] ''ہم اس لڑکے کے رب پر ایمان لاتے ہیں۔'' قارئین کرام! ہم بھی ایمان کا دعویٰ کرتے ہیں' مگر ذرا اس اجتماع کا جائزہ لیجیے۔ عیسیٰ علیہ السلام کی وفات کے 500 سال بعد کی بات ہے کہ اس وقت کا بادشاہ ''ذونواس'' بڑا ہی جابر اور متکبر تھا۔ وہ کسی کو کچھ سمجھتا تو درکار کسی کو خاطر میں بھی نہ لاتا تھا۔ اقتدار کا نشہ بڑا عجیب ہوتا ہے' اس نے اعلان کر رکھا تھا کہ میں لوگوں کا صرف بادشاہ نہیں بلکہ ان کا معبود اور رب بھی ہوں۔ چنانچہ اس کی قوم کے لوگ خوف اور لالچ کی وجہ سے اسی کو رب مانتے تھے۔ بادشاہ کے پاس ایک بوڑھا جادوگر تھا۔ یہ جادوگر بڑا ہی خبیث تھا۔ یاد رکھیں جادوگر سارے ہی برے اور خبیث ہوتے ہیں یہ لوگ اندر سے اللہ تعالیٰ کے منکر ہی ہوتے ہیں۔ تبھی تو یہ جادوگری کرتے ہیں۔ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے ان جادوگروں کے بارے میں ارشاد فرمایا ہے کہ جو شخص کسی جادوگر کے پاس جائے' اس کی باتوں کی تصدیق کرے تو گویا اس نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کا انکار کر دیا۔ جادو کرنا' اسے سیکھنا اور جادوگری کرنا کفر ہے۔ جس جادوگر کا میں ذکر کر رہا ہوں بادشاہ کا بڑا ہی معتمد اور خاص آدمی تھا۔ بادشاہ اس کی بڑی عزت اور احترام کرتا اور اس کی باتوں کو اہمیت دیتا تھا۔

ایک دن جادوگر بادشاہ سے ملنے کے لیے آیا۔ بادشاہ نے حسب سابق اس کی بے حد تکریم کی۔ اسے اپنے پاس بٹھایا اور پھر دونوں گفتگو کرنے لگے۔ جادوگر کہنے لگا: بادشاہ سلامت! میں اب بہت بوڑھا ہو گیا ہوں۔ کسی وقت بھی میں اس دنیا سے رخصت ہو سکتا ہوں۔ ایسا کریں کہ اپنی سلطنت میں کوئی نہایت ذہین و فطین بچہ تلاش کریں اور اسے میرا شاگرد بٹھا دیں تاکہ میں اسے جادو سکھا دوں۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ میرے مرنے کے بعد اس ملک میں کوئی جادوگر ہی باقی نہ رہے۔ بادشاہ نے

جو شخص کسی جادوگر کے پاس جائے' اس کی باتوں کی تصدیق کرے تو گویا اس نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کا انکار کر دیا۔ جادو کرنا' اسے سیکھنا اور جادوگری کرنا کفر ہے۔

جادوگر کی بات سے اتفاق کیا۔ اس نے اسی وقت اپنے حاجب کو بلوایا' اسے اشارہ کیا کہ جاؤ اور فوراً شہر میں سب سے ذہین و فطین بچے کو تلاش کر کے اسے میرے حضور پیش کرو۔ ایک نو عمر لڑکا جو پورے شہر میں اپنی ذہانت و فطانت' حاضر جوابی اور قوی حافظہ میں معروف تھا' آناً فاناً اسے بادشاہ کی خدمت میں پیش کیا جاتا ہے۔ بادشاہ نے دیکھا تو اسے بھی پسند آیا۔ لڑکے کو بادشاہ کی خواہش سے آگاہ کیا گیا کہ وہ فلاں جادوگر سے کالا علم سیکھے گا۔ بھلا اسے کیا اعتراض ہو سکتا تھا۔ لڑکے کو جادوگر کے حوالے کر دیا گیا اور وہ جادو سیکھنے لگا۔

لڑکے کا گھر قدرے دور تھا۔ وہ ہر روز صبح سویرے اپنے گھر سے جادوگر کے گھر کی طرف جاتا۔ راستے میں ایک راہب کی کٹیا تھی۔ یہ راہب اکیلے رب کی عبادت کرتا رہتا تھا۔ ایک دن لڑکا راہب کی کٹیا کے پاس سے گزرا تو اس کے قدم راہب کی کٹیا کی طرف مڑ گئے۔ کٹیا میں داخل ہوا تو راہب نے اس سے کچھ باتیں کیں۔ اسے راہب کی باتیں بڑی اچھی لگیں۔ اگلے دن وہ پھر راہب کے پاس چلا گیا۔ اس سے باتیں کرنے لگا۔ راہب کی باتوں میں اخلاص تھا۔ تقویٰ تھا' اللہ سے محبت کی باتیں تھیں۔ سچی اور حقیقت پر مبنی باتیں لڑکے کے دل میں اترتی چلی گئیں۔ اب تو اس نے باقاعدہ راہب کی شاگردی اختیار کر لی۔ وہ آتے جاتے راستے میں راہب کے پاس رکتا' اس کی باتیں سنتا اور انہیں اپنے دل و دماغ میں محفوظ کر لیتا۔ راہب اسے عقیدہ توحید سکھاتا۔ دونوں کے درمیان اللہ پر ایمان کامل اور یقین کامل کی باتیں ہوتیں۔

جادوگر اسے کالا علم پڑھاتا اور سکھاتا جبکہ راہب اسے سچے اور حقیقی رب کی معرفت کا سبق پڑھاتا۔ دونوں علم اس کے ذہن میں راسخ ہوتے چلے گئے۔ سبحان اللہ! ایک خیر کا علم' دوسرا شر کا علم تھا۔ لڑکا علم حاصل کرتا رہا' اسے عقیدہ توحید کی باتیں زیادہ اچھی لگتیں۔ اب تو ایسا ہوا کہ اس کی خواہش یہی ہوتی کہ وہ زیادہ وقت راہب ہی کے پاس گزارے۔ جادوگر نے ایک دن لڑکے کو اس وجہ سے مارا کہ تم تاخیر سے کیوں آئے ہو۔ اس نے سختی سے کہا: تم صبح سویرے میرے پاس پہنچ جایا کرو۔ لڑکے نے راہب کو بتایا کہ جادوگر میرے دیر سے پہنچنے پر ناراض ہوتا ہے۔ راہب نے اس کا حل یہ بتایا کہ جب تم جادوگر کے پاس جاؤ تو اسے بتا دیا کرو کہ گھر والوں نے روک لیا تھا' اس لیے تاخیر ہو گئی اور اگر گھر والے پوچھیں تو ان کو بتا دیا کرو کہ جادوگر نے روک لیا تھا۔ اس طرح وہ لڑکا مزید علم حاصل کرتا چلا گیا۔ پھر ایک دن بہت بڑا واقعہ رونما ہو گیا۔

لڑکا راستے سے گزر رہا تھا کہ اسے لوگوں کا ہجوم نظر آیا۔ آگے بڑھ کر دیکھا کہ ایک بہت بڑا خوفناک جنگلی جانور راستے میں کھڑا ہوا ہے جس کی وجہ سے راستہ بند ہے اور لوگ پریشانی کے عالم میں ہیں۔ یہ لوگ جانور سے خائف بھی تھے۔

لڑکے نے سوچنا شروع کیا۔ پھر اپنے آپ سے کہنے لگا: آج مجھے معلوم ہو جائے گا کہ راہب کی بات بہتر ہے یا جادوگر کی باتیں درست ہیں۔ اس نے ایک پتھر اٹھایا اور اللہ تعالیٰ سے دعا کی: میرے رب! اگر راہب کی

باتیں اور اس کا طریقہ جادوگر سے افضل اور بہتر ہے اور تجھے راضی کرنے والا ہے تو پھر اس جانور کو ہلاک کر دے؛ تاکہ لوگ راستے سے گزر سکیں۔ اس نے یہ دعا مانگی اور اس کے ساتھ ہی اس پتھر کو جانور کی طرف پھینک دیا۔ چھوٹا سا پتھر' مگر اللہ رب العزت نے اس میں قوت اور طاقت پیدا فرما دی۔ پتھر لگتے ہی دیوہیکل جانور ہلاک ہو جاتا ہے۔ جانور کے مرنے کے ساتھ لوگوں کے لیے راستہ صاف ہو جاتا ہے۔ انہوں نے اسے ہٹایا اور آنے جانے لگے۔

لڑکا وہاں سے سیدھا راہب کے پاس پہنچا اور سارا واقعہ کہہ سنایا۔ راہب نے واقعہ سنا تو بڑی خوشی کا اظہار کیا۔ کہنے لگا: بیٹا! اب تم مجھ سے بھی آگے بڑھ گئے ہو' مگر سنو! اگر تم اللہ کی راہ پر چلو گے تو پھر تمہاری آزمائش لازماً ہوگی۔ سنو اگر حکمران تمہیں تنگ اور پریشان کریں تو انہیں میرے بارے میں کچھ نہ بتانا۔

وقت گزرتا چلا گیا' اور وہ لڑکا اب لڑکا نہ رہا بلکہ سمجھدار نوجوان بن چکا تھا۔ وہ لوگوں میں معروف ہوتا چلا گیا۔ اس کے پاس نابینا لوگ آتے' وہ ان کی آنکھوں پر ہاتھ پھیرتا۔ ان کے لیے دعائیں کرتا تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے انہیں شفاء عطا فرما دیتا۔ اس کے پاس کتنے ہی پھلبہری کے مریض آئے' اس نے ان کے جسم پر ہاتھ پھیرا۔ ان کے لیے دعائیں کیں تو وہ اللہ کے حکم سے صحت یاب ہو گئے۔ اس طرح وہ لوگوں میں معروف ہوتا چلا گیا۔ اس کی شہرت پورے ملک میں پھیل گئی۔

بادشاہ کا ایک خاص درباری تھا۔ ایک روز اس کی آنکھوں میں تکلیف شروع ہوئی۔ اس نے بڑا علاج کروایا مگر مرض بڑھتا چلا گیا' بادشاہ نے بھی خصوصی توجہ کی' مگر ایک روز اس کی آنکھوں نے دیکھنا بند کر دیا۔ وہ نابینا ہو چکا تھا۔

اس درباری کو کسی نے اس لڑکے کے بارے میں بتایا کہ وہ مریضوں کا علاج کرتا ہے۔ درباری نے کافی تحفے لیے اور لڑکے کے پاس پہنچ گیا۔ اسے کہنے لگا کہ میں نابینا ہو گیا ہوں مجھے شفاء دو۔ لڑکا کہنے لگا کہ میں شفا نہیں دیتا۔ درباری نے تعجب سے پوچھا کہ پھر کون شفاء دیتا ہے؟ لڑکے نے کہا وہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ ہے جو آسمانوں میں ہے' وہ تیرا بھی اور میرا بھی رب ہے۔ اگر تم اللہ تعالیٰ پر ایمان لے آؤ تو میں اللہ سے دعا کروں گا وہ تمہیں شفاء بخش دے گا۔ درباری نے ایمان قبول کر لیا۔ لڑکے نے اللہ تعالیٰ سے شفاء کی دعا کی جو اللہ تعالیٰ نے قبول کر لی اور درباری کی بینائی واپس آ گئی۔

اگلا دن ہوا تو درباری بادشاہ کے پاس پہنچ گیا۔ اب وہ دیکھ سکتا تھا۔ بادشاہ نے تعجب سے پوچھا: تمہاری بصارت کو کس نے لوٹایا ہے؟ درباری نے جواب دیا: میرے رب نے میری بصارت واپس کر دی ہے۔ بادشاہ نے پوچھا: کیا میرے علاوہ بھی کوئی رب ہے؟ درباری نے جواب دیا: ہاں! میرا اور تمہارا رب جو آسمانوں میں ہے۔ بادشاہ غصے میں آ گیا' اس نے اونچی آواز میں اپنے ملازموں کو آواز دی۔ کہا: اسے لے جاؤ اور خوب مارو۔ اس پر بدترین تشدد کیا گیا۔ اتنا زیادہ تشدد کیا گیا کہ اس نے مجبوراً اس لڑکے کا نام بتا دیا۔ فوراً ہی لڑکے کو گرفتار کر کے دربار میں لایا گیا۔ بادشاہ کے حکم پر اس پر بھی بدترین تشدد کیا گیا۔ اس سے پوچھا گیا کہ بتاؤ یہ توحید کا سبق تم نے کہاں سے سیکھا ہے۔ تشدد کی تاب نہ لا کر لڑکے نے راہب کا نام بتا دیا۔

بادشاہ نے حکم دیا کہ فوراً راہب کو حاضر کیا جائے۔ راہب کو بادشاہ نے حکم دیا کہ وہ اپنے عقیدے سے پلٹ جائے۔ راہب نے انکار کر دیا۔ بادشاہ نے حکم دیا کہ آری لائی جائے۔ اسے اس کے سر پر رکھ کر اس کے جسم کو دو حصوں میں تقسیم کر دیا جائے۔ لکڑی چیرنے والی آری لائی جاتی ہے۔ اس سے کہا گیا کہ اب بھی وقت ہے تم پلٹ جاؤ۔ اپنے عقیدے سے باز آ جاؤ۔ مگر راہب کا ایک ہی جواب تھا کہ میرے رب تم نہیں بلکہ ایک اللہ ہے۔ بادشاہ کا حکم تھا۔ راہب کے سر پر آری رکھی جاتی ہے۔

قارئین کرام! آری کا سر پر رکھا جانا..... یہ لکھنا اور پڑھنا بڑا آسان ہے' مگر ذرا تخیل کیجیے کہ آری ایک موحد کے سر پر اس کے جسم کو دو ٹکڑے کرنے کے لیے رکھی جا رہی ہے۔ وہ لمحات کتنے جان گسل ہوں گے۔ جب اکیلے رب کی توحید کا اقرار کرنے والے راہب کے سر پر آری چلا دی جاتی ہے۔ اللہ کے اس ولی کا جسم دو ٹکڑے ہو جاتا ہے۔ ان کی روح قفس عنصری سے پرواز کر گئی۔ وہ شہید بن گئے ہیں۔ راہب کی یہ قربانی قیامت تک آنے والی نسلوں کو پیغام دے گئی ہے کہ ایمان سب سے بڑی نعمت ہے۔ اس کو بچانے کے لیے ایک جان کیا' ہزاروں جانیں قربان کی جا سکتی ہیں۔

وہ لمحات کتنے جان گسل ہوں گے۔ جب اکیلے رب کی توحید کا اقرار کرنے والے راہب کے سر پر آری چلا دی جاتی ہے۔ اللہ کے اس ولی کا جسم دو ٹکڑے ہو جاتا ہے۔ ان کی روح قفس عنصری سے پرواز کر گئی۔ وہ شہید بن گئے ہیں۔

قارئین کرام! میرے سامنے قرآن کریم کی یہ آیت آ گئی ہے:

﴿إِنَّ الَّذِينَ قَالُوا رَبُّنَا اللَّهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلَائِكَةُ أَلَّا تَخَافُوا وَلَا تَحْزَنُوا وَأَبْشِرُوا بِالْجَنَّةِ الَّتِي كُنْتُمْ تُوعَدُونَ﴾ (فصلت: ۳۰)

''یقیناً وہ لوگ جنہوں نے اقرار کر لیا کہ ہمارا رب اللہ ہے' پھر اس پر ثابت قدم رہے' ان پر فرشتے یہ کہتے ہوئے نازل ہوتے ہیں کہ نہ خوف کھاؤ اور نہ غم کرو' اور اس جنت کی خوشی مناؤ جس کا تمہیں وعدہ دیا جاتا تھا۔''

اللہ تعالیٰ نے راہب کے لیے جنت کے دروازوں کو وا کر دیا ہے۔ وہ جنت کو دیکھ رہے ہیں۔ رضی اللہ عنہم ورضوا عنہ۔ راہب نے اپنی جان قربان کر دی ہے اس کا مقدس خون نجران کی سرزمین میں پیوست ہو چکا ہے اور اب باری ہے بادشاہ کے اس درباری کی جو کبھی بادشاہ کے اشارہ ابرو پر ہر چیز قربان کر دیا کرتا تھا' مگر اب وہ بھی موحد بن چکا ہے۔ اس کو معلوم ہو چکا ہے کہ اس کی بصیرت کو واپس لانے والا لڑکا نہیں بلکہ لڑکے کا رب ہے جو اس کا اور پوری کائنات کا مالک اور خالق ہے۔ بادشاہ درباری سے کہتا ہے: دیکھو! تمہارے لیے ابھی موقع ہے کہ تم پلٹ جاؤ۔ عقیدہ توحید کو چھوڑ دو۔ تم نے راہب کا انجام دیکھ لیا۔

قارئین کرام! جب عقیدہ توحید سمجھ میں آ جائے تو پھر اللہ رب العزت کی محبت انسان کے جسم و جان میں پیوست ہو جاتی ہے۔ پھر وہ اس آیت کی عملی تصویر بن جاتا ہے:

﴿إِنَّ اللَّهَ اشْتَرَى مِنَ الْمُؤْمِنِينَ أَنْفُسَهُمْ وَأَمْوَالَهُمْ بِأَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ﴾

''اللہ تعالیٰ نے مؤمنین سے ان کی جانوں اور مالوں کا سودا کرلیا ہے کہ ان کے لیے جنت ہے۔''

درباری نے پوری استقامت اور ایمانی قوت کے ساتھ جواب دیا: جو سزا دینا چاہو دے لو' مگر میں عقیدہ توحید سے نہیں پلٹ سکتا۔ اشارہ ہوا اور جلاد نے اس کے سر پر بھی آری رکھ دی۔ چند منٹوں کی بات تھی' بادشاہ کا چہیتا' اس کا خاص درباری اب جنت الخلد کا راہی بن چکا تھا۔ اس مقدمہ کا بڑا مجرم تو لڑکا تھا۔ اب اس کی باری ہے۔ بادشاہ اس سے مخاطب ہوتا ہے: اب بھی وقت ہے تم اپنے دین سے پلٹ جاؤ۔ میری بات مان لو۔ عقیدہ توحید سے انکار کر دو' مگر یہ راسخ العقیدہ لڑکا بادشاہ کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر اس کی بات ماننے سے انکار کر دیتا ہے۔ بادشاہ نے اپنے سپاہیوں کی ایک جماعت کو اپنے پاس آنے کا اشارہ کیا۔ کہنے لگا: اسے پہاڑ کے اوپر لے جاؤ اور دین سے پھرنے کی ایک بار پھر دعوت دینا' اگر یہ باز آجائے اور پلٹ جائے تو ٹھیک' ورنہ اسے پہاڑ سے دھکا دے کر نیچے گرا دینا۔ سپاہیوں نے نوجوان کو گرفتار کرلیا۔ اسے پہاڑ کے اوپر لے گئے۔

قارئین کرام! مجھے اس جگہ کو دیکھنے کا اتفاق ہوا ہے۔ میں نے جب اُصحاب الأخدود نامی پہاڑ کو دیکھنا چاہا تو مجھے سامنے ہی پہاڑ نظر آیا۔ ممکن ہے کہ یہی وہ پہاڑ ہو جس پر اس لڑکے کو لے جایا گیا تھا۔ بادشاہ کے سپاہی نوجوان کو پہاڑ کی چوٹی پر لے جاتے ہیں۔ وہاں پر وہی مکالمہ ہوتا ہے جو راہب اور درباری کے ساتھ ہوا تھا کہ اب بھی وقت ہے پلٹ جاؤ' بادشاہ کا دین قبول کرلو' مگر لڑکے نے پوری شدت سے انکار کیا۔ سپاہیوں کے لیڈر نے لڑکے کو دھکا دینا چاہا۔ ادھر اس کے ساتھی اس کی طرف بڑھنے والے ہیں۔ اس لڑکے کی زبان سے نکلتا ہے:

(اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیھِمْ بِمَا شِئْتَ)

''اے اللہ! تو جیسے چاہتا ہے ان کے مقابلے میں میرے لیے کافی ہو جا۔''

پہاڑ میں زلزلہ آجاتا ہے۔ وہ جو اسے پہاڑ سے پھینکنے کے لیے آئے تھے' خود پہاڑ سے نیچے گر جاتے ہیں۔ سب کے سب ختم ہو گئے۔ لڑکا کامیاب و کامران سرخرو ہو کر پہاڑ سے اترتا ہے اور سیدھا بادشاہ کے پاس چلا جاتا ہے' تاکہ بادشاہ کو رب کی قدرت اور طاقت کا پتا چل جائے۔ بادشاہ نے لڑکے کو دیکھا تو اسے اپنی آنکھوں پر یقین نہ آیا۔ ارے! میں یہ کیا دیکھ رہا ہوں؟! لڑکے سے پوچھا: میرے سپاہیوں کا کیا ہوا؟ کہنے لگا: (کَفَانِیھِمُ اللّٰہُ) ''اللہ نے مجھے ان سے بچا لیا' ان کو میرے رب نے پکڑ لیا ہے۔ جس طرح چاہا ان کے ساتھ سلوک کیا۔ سارے کے سارے مر گئے ہیں۔

بادشاہ اپنی بدحواسی پر قابو پاتے ہوئے کچھ اور سپاہیوں کو حکم دیتا ہے: اسے لے جاؤ' کشتی پر بٹھا کر سمندر کے وسط میں لے جا کر ترغیب دینا' اس کو ڈرانا' اگر ہمارا دین قبول کر لے تو بہتر ورنہ اسے سمندر میں پھینک دینا۔ سمندر یہاں سے چند دن کی مسافت پر ہے۔ سپاہیوں نے اسے گرفتار کر کے باندھ لیا۔ ان کا رخ سمندر کی طرف ہے۔ سمندر کے کنارے ایک کشتی میں بیٹھے اور وسط سمندر میں جا پہنچے کہ یہاں سمندر کی گہرائی زیادہ ہے۔ لڑکے کو ڈرایا دھمکایا جا رہا ہے۔ باز آجاؤ' پلٹ جاؤ' بادشاہ کی بات مان لو' اس کی اطاعت قبول کرلو۔ لالچ دیا جا رہا ہے۔ مگر اس لڑکے کو جسے میں اب ولی کامل کہوں گا کہ یہ تو موحد اعظم ہے' اس کی نگاہیں آسمان والے کی طرف اٹھ گئی ہیں۔ زبان سے نکلا: (اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیھِمْ بِمَا شِئْتَ) ''اے اللہ! تو جیسے چاہے ان کے مقابلے میں میرے لیے کافی ہو جا'' میرے رب! جس طرح تو چاہے ان کے ساتھ سلوک فرما۔ رب کا عذاب آتا ہے کشتی الٹ جاتی ہے۔ کشتی کو الٹانے کے لیے تو پانی کی ایک لہر ہی کافی تھی۔ کشتی الٹ گئی' تمام سپاہی ڈوب گئے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے موحد بندے کو بچا لیا اور وہ سمندر سے بحفاظت باہر نکل آیا۔ بادشاہ کو بتانے کے لیے کہ دیکھو جسے اللہ تعالیٰ بچانا چاہے اسے دنیا کی کوئی طاقت نقصان نہیں پہنچا سکتی۔ جسے اللہ رکھے اسے کون چکھے!! لڑکا ایک بار پھر بادشاہ کے پاس پہنچ گیا۔ ارے تو پھر آگیا! میرے سپاہی کدھر گئے؟ ان کو میرے رب نے غرق کر دیا۔ لڑکے نے یہی جواب دیا۔ سارے ہی سمندر میں غرق ہو گئے انہیں پانی نے نگل لیا۔

بادشاہ کا چہرہ یقیناً اتر چکا تھا۔ لڑکے نے اس کی طرف حقارت بھری نگاہوں سے دیکھا۔ کیا تم مجھے مقتول دیکھنا چاہتے ہو؟ سنو تم مجھے اس وقت تک قتل نہیں کر سکتے جب تک تم وہ طریقہ اختیار نہ کرو جو میں تمہیں بتلاتا ہوں۔

بادشاہ نے سر جھکا لیا۔ بتاؤ وہ کیا طریقہ ہے؟ لڑکے نے کہا: تم اپنی ساری رعیت کو ایک جگہ اکٹھا کرو۔ جب لوگ اکٹھے ہو جائیں تو پھر کھجور کے تنے پر مجھے سولی پر لٹکا دینا۔ پھر میرے ترکش میں سے ایک تیر نکالنا۔ اسے کمان میں رکھ کر میری طرف رخ کر لینا۔ پھر کہنا: (بِسْمِ اللّٰہِ رَبِّ الْغُلَامِ) ''اللہ کے نام سے جو اس لڑکے کا رب ہے۔''

یہ کہہ کر تیر کو میری طرف چھوڑ دینا۔ اس طرح میں قتل ہو جاؤں گا۔ بادشاہ نے حکم جاری کیا کہ میری سلطنت کے تمام لوگوں کو کھلے میدان میں اکٹھا کیا جائے۔ رعیت بادشاہ کے حکم کے مطابق میدان میں اکٹھی ہو رہی ہے۔

کھجور کے ایک بڑے تنے کو میدان کے وسط میں گاڑ دیا گیا ہے۔ لوگ بادشاہ کے منتظر ہیں' وہ بھی اپنے وزراء اور درباریوں سمیت آچکا ہے۔ آج کا بڑا مجرم وہ لڑکا بھی ہتھکڑی میں باندھ کر لایا جا چکا ہے۔ تمام لوگوں کی نگاہیں کھجور کے تنے کی طرف لگی ہوئی ہیں۔ لڑکے کو کھجور کے تنے سے باندھ دیا جاتا ہے۔ لڑکے کا قصور عقیدہ توحید کو ماننا ہے۔ آج اسے اس جرم کی سزا دی جانی ہے۔ لڑکے کا ترکش بھی میدان میں رکھا ہوا ہے۔ لڑکے کو قتل تو کیا جانا ہے' مگر اس کا طریقہ؟ یہ تو اس نے خود ہی بتا دیا ہے۔ اس کے ترکش میں سے ایک تیر نکالا جاتا ہے۔ اسے کمان میں رکھا جاتا ہے۔ آواز بلند ہوتی ہے۔ سارا مجمع سن رہا ہے: (بسم اللہ ربّ الغلام) ''اللہ کے نام سے جو اس لڑکے کا رب ہے۔'' پوری قوت سے کنپٹی کا نشانہ لے کر تیر مارا جاتا ہے۔ لڑکے نے اپنا ہاتھ کنپٹی پر رکھا اور اپنی جان اپنے رب کے سپرد کر دی۔ لڑکا شہادت کا رتبہ پا جاتا ہے۔

پورے مجمع میں شور برپا ہو جاتا ہے۔ سب کی زبان پر ایک ہی کلمہ' ایک ہی بات ہے: (آمَنَّا بِرَبِّ الْغُلَامِ) ''ہم سب اس لڑکے کے رب پر ایمان لاتے ہیں۔'' وہ بار بار دہرا رہے ہیں: آمنا بربّ الغلام۔ آمنا بربّ الغلام۔ بادشاہ اور اس کے حواری' اس کے درباری پریشان ہیں۔ ارے! اسی بات سے تو ہم ڈرتے تھے۔ بادشاہ سے کہا گیا: جس بات سے تم ڈرتے تھے وہی ہو کر رہا۔ تم چاہتے تھے کہ لوگ رب السموات والارض پر یعنی

باقی صفحہ 9 پر

دولت مندی کے نقصانات ایک نظر

تحریر
جناب پروفیسر عبدالعظیم جانباز

''زیادتی کی چاہت نے تمھیں غافل کر دیا، یہاں تک کہ تم قبرستان جا پہنچے، ہرگز نہیں پھر تمھیں جلد معلوم ہو جائے گا، ہرگز نہیں اگر تم یقینی طور پر جان لو، تو بے شک تم جہنم دیکھ لو گے اور تم اسے یقین کی آنکھ سے دیکھ لو گے، پھر اس دن تم سے ضرور بالضرور نعمتوں کا سوال ہوگا۔'' (التکاثر)

ہمارے ہاں ایک کامیاب زندگی کا ذکر جیسے ہی آتا ہے تو ذہن فوراً مالدار لوگوں کی طرف متوجہ ہو جاتا ہے، اس وقت پاکستان میں ایک طرف غربت بڑھ رہی ہے تو دوسری طرف امراء کی تعداد میں بھی ہر گزرتے وقت کے ساتھ اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ دولت کی نمائش، گاڑیوں، گھروں، لباس، زیورات، فرنیچر اور دیگر اسباب زندگی کی شکل میں اس طرح ہو رہی ہے کہ لگتا ہے کہ ملک میں دولت کے خزانے اُمڈ رہے ہیں۔

پیسہ کمانا اور زیادہ سے زیادہ پیسہ کمانا اس وقت ہمارے معاشرے کے ایک عام آدمی کی زندگی کا نصب العین بن چکا ہے۔ لوگوں کا یہ خیال ہے کہ جتنا زیادہ پیسہ پاس ہوگا اتنا ہی دنیا و آخرت کی بھلائی کا سبب بن جاتا ہے، مگر کیا واقعی ایسا ہوتا ہے؟

آخرت کے اعتبار سے ایک دولت مند آدمی کا اصل مسئلہ وہ ہے جو سیدنا عیسیٰؑ نے اس طرح بیان کیا ہے:

''اونٹ کا سوئی کے ناکے میں سے نکل جانا اس سے آسان ہے کہ دولت مند اللہ کی بادشاہی (یعنی جنت) میں داخل ہو۔''

سیدنا عیسیٰؑ کا مطلب یہ نہیں کہ دولت مند جنت میں جا نہیں سکتا، وہ صرف یہ بتا رہے ہیں کہ اس بات کے امکانات بہت کم ہو جاتے ہیں۔ آیئے دیکھتے ہیں کہ یہ امکانات کیسے کم ہوتے ہیں۔

دولت مندی کا پہلا نتیجہ یہ ہے کہ جس آدمی کے پاس زیادہ پیسے ہوتے ہیں وہ فوراً ''تکاثر'' کی اس دوڑ میں شریک ہو جاتا ہے، جس کا نتیجہ قرآن نے سورۂ تکاثر میں غفلت بیان کیا ہے۔ قرآنِ مجید کے مطابق تکاثر لوگوں کی وہ حالت ہے جس میں وہ مال و اسباب میں ایک دوسرے سے آگے نکلنے کی دوڑ لگانا شروع کر دیتے ہیں۔ انسان کارل مارکس کا وہ معاشی حیوان بن جاتا ہے جس کی ساری زندگی پیسہ کمانے اور پھر پیسہ خرچ کرنے کے نت نئے طریقے دریافت کرنے میں گزر جاتی ہے۔ اس کا معاملہ ضروریات اور ذوقِ جمال کی تسکین تک محدود نہیں رہتا، بلکہ زندگی کا مطمع نظر یہ ہو جاتا ہے کہ میرے پاس ہر وہ چیز ہو جو دوسرے شخص کے پاس ہے۔ یوں اسٹیٹس بلند کرنے کی وہ دوڑ شروع ہو جاتی ہے جس کے خلاف نہ کوئی آواز اٹھاتا ہے اور نہ یہ کبھی ختم ہوتی ہے۔ مشہور برطانوی سیاستدان جارج سیویل ایک جگہ لکھتے ہیں:

''جو لوگ سمجھتے ہیں کہ دولت کی مدد سے کچھ بھی کیا جا سکتا ہے، وہ دولت کے حصول کے لیے کچھ بھی کرنے کو تیار ہو جاتے ہیں۔''

مال و دولت، اسٹیٹس، شاندار گھر، نئے ماڈل کی چمکتی دمکتی گاڑیاں، بڑے بڑے ہوٹلوں میں کھانا اور ان جیسی دیگر اَن گنت چیزیں انسان کو بڑی اچھی لگتی ہیں، مگر غفلت ان کا لازمی نتیجہ ہے۔ اس غفلت کے بعد آدمی کے لیے ممکن نہیں رہتا کہ وہ جنت کی حسین ترین بستی میں اپنے لیے کوئی جگہ بنا سکے۔ اس لیے کہ اس کی ساری توجہ تو دنیا کے مقابلے میں لگ گئی جس کے بعد اس کے دل سے جنت کی خواہش ہی نکل جاتی ہے اور جس دل سے جنت کی خواہش نکل جائے، وہ کبھی جنت میں داخل نہیں ہو سکتا۔

دولت مندی کا پہلا نتیجہ یہ ہے کہ جس آدمی کے پاس زیادہ پیسے ہوتے ہیں وہ فوراً ''تکاثر'' کی اس دوڑ میں شریک ہو جاتا ہے، جس کا نتیجہ قرآن نے سورۂ تکاثر میں غفلت بیان کیا ہے۔

غفلت کے بعد دولت کا دوسرا بڑا مسئلہ تکبر ہے، پیسہ کی قوت خرید بہت زیادہ ہے، اس سے انسان وہ سب کچھ خرید لیتا ہے جس کی انسانی معاشرے میں قدر و قیمت ہوتی ہے، اس کے لیے ہر چیز ممکن ہو جاتی ہے۔ اس لیے پیسے والا آدمی اکثر خود کو قادرِ مطلق سمجھتا ہے، اس کا نتیجہ غرور اور تکبر کی شکل میں نکلتا ہے۔ تکبر وہ چیز ہے جو انسان کے دل میں رائی کے دانے کے برابر بھی پیدا ہو جائے تو انسان کی تجارت ممکن نہیں رہتی۔ ایک حدیث کے مطابق:

''جس شخص کے دل میں رائی کے دانے کے برابر تکبر ہوگا وہ جنت میں نہ جائے گا۔'' (مسلم)

پھر یہی تکبر ہے جو انسان کو رب کے مقابلے میں سرکشی پر آمادہ کر دیتا ہے جس کا سب سے کامل نمونہ شیطان ملعون ہے جو اپنے تکبر کی بنا پر اللہ تعالیٰ کے مقابلے میں کھڑا ہو گیا تھا۔

دولت کا تیسرا بڑا مسئلہ یہ ہے کہ ایک دولت مند آدمی اللہ کی رضا کے لیے تو پیسہ خرچ کرنے کی ہمت کر نہیں پاتا، البتہ لوگوں کی واہ واہ کے لیے پیسہ خرچ کرنا اس کے لیے بہت آسان ہو جاتا ہے، یہ ریا کاری ہے جو اپنی نوعیت کے اعتبار سے شرک کی ایک قسم ہے۔ شرک اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں ایک ناقابل معافی جرم ہے۔

دولت کا ایک اور نقصان یہ ہے کہ یہ انسان کے اندر لالچ اور ہوس کو پیدا کرتی ہے، دولت کی دوڑ میں آخری حد کوئی نہیں ہوتی۔ انسان زیادہ سے زیادہ کی کوشش میں لگا رہتا ہے۔ حدیث نبوی ہے کہ ابن آدم کو اگر ایک وادی کے برابر سونا دے دیا جائے تو وہ ایسی دو وادیوں کی خواہش کرے گا، پھر آپ نے فرمایا کہ ابن آدم کا پیٹ تو قبر کی مٹی ہی بھر سکتی ہے۔ (بخاری)

دولت کی یہ ہوس آگے بڑھتی ہے اور انسان حرام و حلال کی تمیز سے محروم ہو جاتا ہے، پھر اگلا قدم وہ ہوتا ہے جب انسان ظلم پر اترتا ہے، وہ بندوں کا حق غصب کرتا اور رب کو ناراض کر کے سونے چاندی کے ڈھیر جمع کرتا ہے، جتنا اس کا زر بڑھتا ہے اتنا ہی وہ بخل میں آگے بڑھتا ہے، یہاں تک کہ وہ قبر میں پہنچ جاتا ہے، جہاں اس

کی قسمت میں ابد تک رونا اور چلانا ہی رہتا ہے، رہا اس کا مال تو وہ اس کے وارثوں کے حوالے کر دیا جاتا ہے۔

دولت کا اگلا مسئلہ یہ ہے کہ یہ انسان کو اسراف پر اُبھارتی ہے، انسان کی جیب میں پیسہ ہو تو وہ ہر دستیاب چیز خریدنے پر آمادہ ہو جاتا ہے، یہ وہ رویہ ہے جسے اپنانے والوں کے متعلق اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

''بے جا خرچ کرنیوالے شیطانوں کے بھائی ہیں اور شیطان اپنے پروردگار کا بڑا ہی ناشکرا ہے۔''

پھر یہیں سے حرام کا وہ دروازہ کھلتا ہے جس میں دولت خرچ کر کے انسان رب کی ناراضی مول لیتا ہے۔ کون نہیں جانتا کہ جوا، سٹہ بازی، بدکاری، شراب نوشی وغیرہ کی منزلیں دولت مندی کی راہ پر چلنے والے کے لیے آسانی سے کھل جاتی ہیں۔

امریکی سابق صدر فرینکلن ڈی روز ویلٹ نے ایک جگہ کہا تھا کہ:

''انسان کی ایک بڑی خامی یہ ہے کہ اس کا بھرا ہوا بٹوہ، اکثر اس کے خالی پیٹ سے زیادہ شور مچاتا ہے۔''

دولت مندی کا ایک اور بدترین نقصان یہ ہے کہ دولت انسان کے لیے زندگی میں غیر ضروری آسانیاں اور تعیّشات پیدا کر دیتی ہے۔ یہ دونوں چیزیں انسان کو اکثر ان کیفیات سے محروم کر دیتی ہیں جو اسے سچا خدا پرست بناتی ہیں۔ انسان جب عجز، تکلیف، محرومی اور بے بسی کے تجربات سے گزرتا ہے تو اس کے لیے بہت آسان ہوتا ہے کہ وہ اپنے عجز کے مقابلے میں رب کی عظمت کو دریافت کر سکے، وہ اس کی قدرت کے مقابلے میں اپنی بے کسی کو جان سکے، وہ اس کی عطا کے مقابلے میں اپنی محرومی کو جان سکے، محرومی اور غم والم انسان کے لیے رونا بہت آسان کر دیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کو اپنے سامنے بے کسی سے روتے بندے بے حد محبوب ہوتے ہیں۔ ایک دولت مند آدمی کو کیفیات کے اس مقام پر آنے کے لیے بہت محنت کرنا پڑتی ہے۔

دولت اپنی ذات میں کوئی بڑی یا بھلی شے نہیں، مگر اس میں ہر طرح کے وہ سارے خطرات موجود ہیں جن کا مختصراً اوپر ذکر کیا گیا ہے۔ اسی لیے رسول اللہ ﷺ نے اپنی دعاؤں میں جس طرح فقر وافلاس کے فتنہ سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگی ہے اسی طرح دولت مندی کے فتنے سے بھی پناہ مانگی ہے۔ صحیح بخاری میں نبی کریم ﷺ کی یہ دعا منقول ہے:

''اے اللہ! میں جہنم کی آگ کے فتنے اور امیری وغریبی کے فتنے کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔''

برطانوی مذہبی راہنما جان ویزلی کا کہنا تھا کہ:

''میرے پاس کچھ پیسہ آ جائے تو میں جلد از جلد اسے صرف کر ڈالتا ہوں، مبادا یہ کہ میرے دل میں جگہ بنانے میں کامیاب ہو جائے۔''

دولت انسان کو بسا اوقات جمالیات کی اس حس سے بھی محروم کر ڈالتی ہے جو اسے دیگر جانوروں سے ممیز وممتاز کرتی ہے۔ شاید اسی بات کو ذہن میں رکھ کر مشہور شاعر رابرٹ کریوز نے کہا تھا کہ:

''شاعری کرنے میں دولت نہیں ملتی، مگر دولت میں بھی شاعری نہیں ملتی۔''

تاہم یہ ایک حقیقت ہے کہ جو شخص دولت کی آزمائش سے کامیابی سے گزر جائے اور دولت مندی کے باوجود اعلیٰ اخلاقی رویے پر قائم رہتا ہے تو اس کے لیے اعلیٰ ترین درجات کے حصول کا دروازہ کھل جاتا ہے۔ تنہا انفاق فی سبیل اللہ وہ عبادت ہے جو خالق ومخلوق دونوں کی نظر میں اسے معتبر بنانے کے لیے کافی ہے۔ غریبوں کی مدد کرنا، بے کسوں کی دعائیں لینا، بے آسرا لوگوں کا سہارا بننا اور سب سے بڑھ کر دین کا مددگار بننا انسان کو عظمت وبلندی کی انتہا پر پہنچا دیتے ہیں۔ یہی سبب ہے کہ جو صحابہ کرام عشرہ مبشرہ کی صف میں شامل ہونے کا اعزاز رکھتے ہیں اور جو لوگ خلافتِ راشدہ میں مسلمانوں کی رہنمائی کے منصب پر فائز ہوئے، ان میں سے بیشتر بہت دولت مند تھے۔

یہ کوئی نظری بحث نہیں، ہم سب کا عملی مسئلہ ہے، اب آپ کے پاس دو ہی راستے ہیں کہ اگر دولت مند بننے کی خواہش ہے تو پھر دولت کے مندرجہ بالا پہلوؤں کو کبھی فراموش نہ کریں۔ دوسری صورت یہ ہے کہ انسان سادہ زندگی اور قناعت کا راستہ اختیار کرے، وہ خواہش کے بجائے ضرورت تک خود کو محدود کر دے۔ یہ راستہ بظاہر مشکل مگر بڑے سکون کا ہے، کسی دانا نے کیا خوب کہا: آپ کی دولت کی حقیقی آزمائش یہ ہے کہ جب آپ کے پاس دولت نہ رہے تو پھر آپ کی وقعت کتنی رہ جائے گی۔ بات تھوڑی سی پیچیدہ ہے مگر اتنی پیچیدہ نہیں کہ کسی کی سمجھ میں نہ آ سکے۔ خود کو ایسا انسان بنانے کی کوشش کیجیے جس کی شخصیت کو، جس کی قدر وقیمت کو دولت کے ہونے یا نہ ہونے سے کوئی فرق نہیں پڑتا، سورج کی طرح جس کی چمک کو بادل وقتی طور پر ڈھانپ تو سکتے ہیں مگر ختم نہیں کر سکتے، یہی منشاء اللہ کی ہے اور یہی اس کے رسول ﷺ کی۔

.....

حج کانفرنس ۱۹ جنوری کو مکہ مکرمہ میں ہوگی

⊙ پاکستانی حجاج کے لیے سعودی عرب کے ساتھ حج معاہدے کے مذاکرات اور حج کانفرنس ۱۹ جنوری کو مکہ مکرمہ میں ہوگی جس میں وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف کی قیادت میں وفد شامل ہوگا جس میں وزارت مذہبی امور کے سیکرٹری سہیل عامر مرزا ڈی جی حج سعودی عرب ڈاکٹر ساجد یوسفانی' حج آرگنائزرز ایسوسی ایشن آف پاکستان کے چیئرمین ثناء اللہ اور دیگر نمائندے شریک ہوں گے۔ ہوپ کے مرکزی رہنما حافظ شفیق کاشف نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ عازمین حج پر بھی ۲۰۰۰ ریال فیس لگائی گئی ہے اسے ختم کرایا جائے اور پاکستان کا ۲۰ فیصد کوٹہ جو پچھلے ۴ سال سے کم کیا گیا ہے نہ صرف اس کو بحال کیا جائے بلکہ اسلامی سربراہی کانفرنس کے چارٹر کے مطابق مسلم آبادی کے تناسب سے پاکستان کا حج کوٹہ زیادہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اگر حج پر بھی سعودی اعلان کے مطابق ۲۰۰۰ ریال فیس برقرار رہتی ہے تو حج کو سستا کرنے کی حکومتی خواہش پوری نہیں ہو سکتی۔ حافظ شفیق کاشف نے کہا کہ موجودہ حکومت اور پرائیویٹ سیکٹر نے وزیر اعظم محمد نواز شریف کی ہدایات کی روشنی میں حج کو کرپشن فری بنانے اور سرکاری وپرائیویٹ حج سکیم کے عازمین کو جو عالمی معیار کی سہولتیں فراہم کی ہیں ماضی میں اس کی نظیر نہیں ملتی۔

سیرت طیبہ اپنانے کی ضرورت ہے

⊙ سیرت کا اپنانا بہت اہم ہے۔ جشن منانے کی بجائے مشن اپنانا چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار مرکزی جمعیت کے رہنما حافظ عبدالرحمٰن شیخوپوری نے بدوملہی کے نواحی گاؤں کھوکھر والی میں سیرت النبی ﷺ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ سیرت النبی ﷺ پروگرام کروانے سے ہمارا بڑا مقصد یہ ہونا چاہیے کہ ہم اپنی زندگیوں کو اسوۂ حسنہ کے مطابق ڈھالنے کا عزم کریں۔ کانفرنس سے جمعیت اساتذہ ضلع نارووال کے سیکرٹری جنرل احسان الٰہی ظہیر' قاری عبدالرزاق طاہر نے بھی خطاب کیا۔ کانفرنس نہایت کامیاب رہی۔

منجانب: ناصر حکیم بھٹی بدوملہی

آہ.....

محافظِ عربی کی رخصتی

تحریر: جناب ڈاکٹر نظام الدین نافع حفظہ اللہ

''مضمون نگار ڈاکٹر نظام الدین نافع حفظہ اللہ افغانستان سے تعلق رکھنے والی معروف دینی علمی شخصیت ہیں۔ عربی اور فارسی میں متعدد کتابوں کے مصنف ہیں۔ ڈاکٹر صاحب کا معہد اللغۃ العربیۃ میں تدریس کے دوران شیخ العربیۃ مولانا محمد بشیر رحمہ اللہ کی زندگی کے آخری آٹھ سالوں میں نزدیکی ساتھ رہا''۔ اس حوالہ سے انہوں نے اپنے تاثرات قلمبند کیے ہیں جو نذر قارئین ہیں۔

ایک انسان کیلئے سگے بھائی سے بھی زیادہ عزیز اور شفیق شخص کی وفات کی خبر سے بڑا کوئی صدمہ نہیں ہوسکتا۔ میرے انتہائی مشفق دوست اور پاکستان میں عربی زبان کے حقوق کے علمبردار مولانا محمد بشیر سیالکوٹی اس دنیا کو داغ مفارقت دے گئے۔ اللہ ان پر اپنی رحمتوں کی بارش کرے۔ ان کی خطاؤں سے درگزر کرے اور انہیں اپنی وسیع وعریض جنتوں کا مکین بنادے۔ آمین!

شیخ العربیۃ مولانا محمد بشیر رحمہ اللہ ایک ایسے عظیم انسان تھے جن کی زندگی کا ہر لمحہ اسلام اور عربی زبان کی خدمت کا گواہ ہے۔ انہوں نے حقیقی معنوں میں اپنی زندگی کو عربی زبان کے فروغ کیلئے وقف کررکھا تھا اور اسی کی خاطر وہ تحقیق، تصنیف اور تدریس میں مگن رہے اوراسی جدوجہد میں اپنی ساری زندگی گزار دی۔ خصوصا موجودہ دور میں جب کہ خود عرب بھی اپنی زبان کے بارے میں افسوس ناک غفلت برتتے ہوئے غیر ملکی زبانوں خصوصاً انگریزی زبان پر مٹے جارہے ہیں مولانا رحمہ اللہ نے اپنی ساری توانائیاں عربی زبان کے نصاب کی ترقی پر صرف کئے رکھیں۔ جن لوگوں نے پاکستان میں عربی زبان کو مضبوط بنیادیں فراہم کیں ان میں آپ سرفہرست ہیں۔ میں نے پاکستان میں اپنے تیس سالہ قیام کے دوران عربی زبان کے لئے اتنے جوش اور جذبے کا مالک کوئی شخص نہیں دیکھا۔

شیخ العربیۃ مولانا محمد بشیر رحمہ اللہ آج کل عربوں کی طرح محض نعرے بازی پر یقین نہیں رکھتے تھے۔ عربی زبان کے حوالے سے عربوں کی کوششیں محض سالانہ کانفرنسیں کروانے اور عربی کو درپیش چیلنجز پر بات چیت اور تبادلہ خیال تک ہی محدود ہیں۔ اس کے برعکس مولانا ایک عملیت پسند انسان تھے جو تالیف وتصنیف اور تعلیم وتدریس کے ساتھ ساتھ عملی میدان میں بھی اپنی کارکردگی دکھاتے تھے۔ آپ نے بہت سی مشکلات اور مسائل کے باوجود اپنے مشن کو اولوالعزمی سے جاری رکھا۔

مولانا رحمہ اللہ عربی نہیں تھے لیکن انہوں نے عربوں سے بڑھ کر عربی زبان کی خدمت کی۔ اس وقت عربوں کا یہ حال ہے کہ ان کے سکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں میں عربی زبان کی جگہ دوسری غیر ملکی زبانیں قبضہ کئے چلے جارہی ہیں۔ مولانا مرحوم ان حالات میں بھی عربی زبان کی ترقی اور احیاء کیلئے عرب وعجم کو جھنجوڑتے رہے اس لئے کہ یہ قرآن کریم اور اسلام کی زبان ہے۔

مولانا رحمہ اللہ نے عربی زبان اور اسلامی علوم کی تدریس کے لئے اپنا ادارہ قائم کیا اور عربی فنون نحو وصرف اور عربی بول چال کیلئے آسان اور دلچسپ کتابیں تالیف کیں۔ ان کتابوں کے ہزاروں نسخے دینی مدارس میں تقسیم ہوئے اور بے شمار افراد ان سے آج بھی فائدہ اٹھارہے ہیں۔

مولانا رحمہ اللہ نے عربی زبان اور اسلامی علوم کی تدریس کے لئے اپنا ادارہ قائم کیا اور عربی فنون نحو وصرف اور عربی بول چال کیلئے آسان اور دلچسپ کتابیں تالیف کیں۔ ان کتابوں کے ہزاروں نسخے دینی مدارس میں تقسیم ہوئے اور بے شمار افراد ان سے آج بھی فائدہ اٹھارہے ہیں۔ ان کی لکھی ہوئی کتابوں کی تعداد تیس سے زیادہ ہے جن میں شاہ ولی اللہ دہلوی کی مایہ ناز کتاب ''ازالۃ الخفاء عن خلافۃ الخلفاء'' کا فارسی سے عربی ترجمہ بھی شامل ہے۔

یہاں میرا مقصد ان کی دیگر کتابوں کا تذکرہ نہیں کیونکہ وہ تو ہر خاص وعام کے علم میں ہیں بلکہ میں اس مضمون میں ان کی عظیم شخصیت کے ان چند پہلوؤں کا ذکر کرنا چاہتا ہوں جن سے شاید اکثر لوگ لاعلم ہیں۔

مولانا رحمہ اللہ دنیاوی چکاچوند سے بالکل بے نیاز تھے۔ اپنے لباس، رہن سہن میں انتہائی سادگی پسند۔ ریاکاری اور خودنمائی کو سختی سے ناپسند کرنے والے اور انتہائی قناعت پسند۔ ساری زندگی کرائے کے گھروں میں مقیم رہے اور کبھی بھی گھر یا پلاٹ بنانے یا خریدنے میں دلچسپی ظاہر نہیں کی۔ ان کی مکمل توجہ اسلام اور قرآن کریم کی زبان عربی زبان کی خدمت پر مرکوز رہی۔

مجھے آٹھ سال تک مولانا رحمہ اللہ کے ادارے معہد اللغۃ العربیۃ میں پڑھانے کا موقع ملا۔ وہ خود بھی یہاں تدریس کرتے تھے اور ساتھ ساتھ تصنیف وتالیف میں بھی مگن تھے۔ میں ہر روز اپنے اسباق سے فارغ ہو کر انہیں ملتا تھا اور وہیں ان کے دفتر میں بیٹھ کر اگلے دن کے اسباق کی تیاری بھی کرتا تھا۔ اس دوران ہم مختلف موضوعات پر تبادلہ خیال بھی کرتے لیکن مولانا مسلسل اپنی تحریر میں مگن رہتے۔

میں اکثر انہیں کتابوں کے ڈھیر کے درمیان بیٹھ کر انہماک سے تالیف کرتے ہوئے دیکھتا۔ ان کی اپنے کام میں رغبت، اپنے مقصد کے ساتھ لگن اور اس کی خاطر بڑی بڑی مشکلات صبر کے ساتھ سہنا مجھے اکثر بہت کچھ سوچنے پر مجبور کردیتا۔ مولانا رحمہ اللہ عام سی بات تحریر کرتے ہوئے بھی باریک بینی سے اس کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیتے اور خوب چھان پھٹک کے بعد اس کو ضبط تحریر میں لاتے۔ وہ فارسی کا ایک مقولہ بکثرت دہرایا کرتے ''یک گیر محکم بگیر'' یعنی ''ایک چیز کو پکڑو لیکن اسے عمدہ طریقے سے قابو کرو''۔

مولانا رحمہ اللہ کبھی کبھار فجر سے قبل رات تین بجے اپنے دفتر میں تشریف لے آتے اور نماز ظہر تک وہاں موجود رہتے۔ ان کی استقامت میرے لئے ہمیشہ باعث تعجب رہی۔ تھکاوٹ کا لفظ تو شاید ان کی لغت میں شامل نہ تھا۔ ہاں اگر کبھی کبھی ان پر اونگھ کا غلبہ ہوتا تو ہاتھ کتاب میں تھامے تھامے ہی پندرہ یا بیس منٹ کیلئے سوجاتے لیکن

پھر بیدار ہوتے ہی اپنا کام دوبارہ شروع کر لیتے۔ ایک دفعہ انہوں نے مجھے خود بتایا کہ علم الصرف کی کتابیں تالیف کرنے کے دوران تین سال تک انہیں بہت زیادہ بیٹھنا پڑا جس کی وجہ سے ان پر فالج کا ایک حملہ بھی ہوا لیکن اللہ تعالیٰ نے اپنے اس نیک اور عاجز بندے کو جو دن رات اس کی محبوب زبان کی خدمت میں لگا ہوا تھا، جلد ہی شفا دے دی۔

مولانا رحمہ اللہ کی ایک بہت ہی قابل تعریف خوبی ان کا اللہ تعالیٰ پر مکمل توکل تھا، خصوصاً مالی معاملات میں اس بات کا کئی دفعہ میں نے مشاہدہ کیا۔ اکثر اوقات میرے سامنے ایسا ہوا کہ آپ کے پاس جونہی کوئی چھوٹی سی رقم آتی تو اسے اطمینان کی عجیب کیفیت کے ساتھ اسی وقت ادارے کے لئے یا اس میں مقیم طالبات کی اشیا خریدنے پر خرچ کر دیتے۔ وہ آنے والی ساری رقم کو اپنی ذات پر کچھ بھی خرچ کئے بغیر ختم کر دیتے لیکن مجال ہے کہ آپ کے چہرے پر پریشانی یا بے چینی کا ذرہ برابر بھی اثر ظاہر ہوتا۔ آج ہم میں سے کون ہے جو اس ایثار کا مظاہرہ کرتا ہو؟ ہم سب کو تو پہلے اپنی پڑی ہوتی ہے پھر کیا ہم اپنے اردگرد کسی کا خیال کرتے ہیں۔ اکثر اوقات ایسا ہوتا کہ وہ اپنے لئے آئی ہوئی کھانے پینے کی اشیا اپنے نزدیک موجود اور پڑوس میں مقیم افراد میں بانٹ دیتے بلکہ بعض اوقات تو ادارے کے نزدیک دکانداروں کو ناشتہ بھی مولانا رحمہ اللہ کی طرف سے مل جایا کرتا تھا۔

میں نے اس سارے عرصے کے دوران آپ کی ثابت قدمی یا اخلاص میں کبھی کمی نہ آتے دیکھی۔ یہی بات مجھے بھی قوت اور طاقت دیتی تھی۔ آپ کا فراق بہت بڑا صدمہ ہے۔ یقیناً موت آنے سے پہلے کسی سے اجازت طلب کرتی ہے نہ ہی اس سے کسی کا بچنا ممکن ہے۔ اب میرے پاس مولانا رحمہ اللہ کی وہ یادیں ہیں جن میں میری ان سے ملاقات ہو جاتی ہے یا ان کے لئے ہر پل دل سے نکلنے والی یہ دعائیں کہ اے اللہ! ان کو بخش دے۔ انہیں اپنی رحمت کی آغوش میں لے لے۔ ان کے معاملے میں عفو ودرگزر سے کام لے اور انہیں ان کے گھر اور گھرانے سے بہتر مقام اور رفیق عطا فرما اور جنت میں ان کا ٹھکانہ نیک لوگوں کے ساتھ بنا دے۔ آمین!

یادِ رفتگان

مولانا محمد امجد اجمل رحمہ اللہ تعالیٰ

تحریر: مدیر اعلیٰ

ممتاز عالم دین اور خطیب مولانا محمد اجمل رحمہ اللہ نے نصف صدی قبل ۱۹۶۶ء میں مرکزی جامع مسجد رحمانیہ اہل حدیث منڈی مرید کے میں تعمیر کی اور تاحیات اس کے خطیب رہے۔ آپ معروف عالم دین، متعدد اسلامی اور تحقیقی کتابوں کے مصنف اور حکیم مولانا محمد اشرف سندھو رحمہ اللہ کے نواسے تھے۔ مولانا محمد اجمل کی ۱۹۹۸ء میں وفات کے بعد ان کے صاحبزادے مولانا امجد اجمل رحمہ اللہ نے اسی مسجد میں خطابت وامامت کا سلسلہ شروع کیا اور تاحیات یہ خدمت انجام دیتے رہے۔ آپ گورنمنٹ سکول کینال پارک میں بھی ہیڈ ماسٹر تھے۔ آپ امیر محترم سینیٹر پروفیسر ساجد میر حفظہ اللہ کے پرسنل سیکرٹری اور مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کے میڈیا کے انچارج بھی رہے۔ سچی اور آزاد صحافت سے آپ کا خصوصی تعلق رہا۔ ۲۰۰۶ء میں آپ نے امیر محترم پروفیسر ساجد میر کی معیت میں فریضۂ حج ادا کیا اور ان کے ہمراہ وہاں کے شیوخ سے ملاقاتیں بھی کیں۔

مولانا مرحوم بڑے خلیق، ملنسار، منکسر المزاج اور احباب کے دکھ درد میں شریک ہونے والے تھے۔ دل بیتاب اور دل درد مند کے مالک تھے۔ دوستوں کے دوست، بزرگوں کا احترام اور خدمت ان کا شیوہ تھا۔

گوجرانوالہ سے کئی بار لاہور آتے جاتے مرید کے میں ان سے ملاقات ہو جاتی تو بڑے اصرار کے ساتھ چائے کا اہتمام کر لیتے اور بڑی خوبصورت گفتگو سے محظوظ فرماتے۔ مجلّہ ''اہل حدیث'' کی توسیع اشاعت اور صوری ومعنوی طور پر اس کی ترقی پر بڑی خوشی کا اظہار فرماتے۔ میں انہیں پرچے میں لکھنے کی دعوت دیتا تو کہتے کہ لکھنا بڑا مشکل کام ہے۔ مصروفیات بھی بہت ہیں۔ آپ کے پاس لکھنے والوں کی کوئی کمی ہے؟ حقیقی بات ہے کہ وہ اپنے علاقہ کی معروف مذہبی، سیاسی اور علمی شخصیت کے مالک تھے۔ وہ ضلع شیخوپورہ اور مرید کے کی سرکاری کمیٹیوں کے رکن اور ذمہ دار تھے۔ سچی بات ہے کہ وہ بین المسالک ہم آہنگی اور امن کے سفیر تھے۔

بظاہر وہ بڑے تنومند، صحت مند اور زندگی کے امور میں مستعد تھے، عمر بھی تقریباً ۴۶ سال تھی۔ لیکن جب وقت اجل آجائے تو اس میں لمحہ بھر کی بھی تاخیر وتعجیل ناممکن ہے۔ دنیا سے جانے والا خواہ بچہ ہو، نوجوان ہو، جوان اور بوڑھا ہو اللہ کی نگاہ میں سب برابر ہیں۔

۱۰ اکتوبر ۲۰۱۶ء کی نماز مغرب مولانا امجد کی امامت میں ہو رہی تھی کہ دوسری رکعت کے دوسرے سجدے میں تکلیف کے باعث وہ بے ہوش ہو گئے۔ اُٹھا کر باہر صحن میں لایا گیا۔ ہوش میں آئے تو زبان پر یہ الفاظ تھے: ''اللہ کی مرضی، اللہ کی مرضی۔'' وہ ہسپتال جانے پر آمادہ نہ تھے، تکلیف بڑھ گئی تو ہسپتال لے جایا گیا۔ ہسپتال پہنچنے پر بلڈ پریشر بہت کم ہو چکا تھا۔ چند لمحے بعد ڈاکٹرز نے ان کی موت کی تصدیق کر دی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون!

